شمس آباد میں ہیلت ٹورازم ہب کے قیام کا اعلان

عالمی معیار کے علاج کی سہولتوں کی فراہمی۔ بسوا تارکم کینسر ہاسپٹل کی سالانہ تقریب، چیف منسٹر کا خطاب

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) چیف منسٹر تلنگانہ اے رینوت ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت شمس آباد انٹرنیشنل ایرپورٹ کے حدود میں ہیلت ٹورازم ہب کے قیام کا منصوبہ بنارہی ہے۔ یہ ہیلت ٹورازم ہب 500 تا 1000 ایکڑ پر پھیلا ہوا رہے گا اور اس کیلئے اراضی حاصل کی جائے گی۔ یہ نظریہ ہے کہ دنیا کے معیاری ہیلت ٹورازم ہبس سے مسابقت کی جائے اور اس ہب میں تمام امراض کا بہتر سے بہتر علاج کیا جائے۔ چیف منسٹر نے آج بتایا کہ تمام سرکردہ انسٹیٹیوٹس اس ہب میں ان کے یونٹوں کے قیام کیلئے دعوت دی جائے گی۔ رینوت ریڈی نے جوبسوا تارکم کینسر ہاسپٹل کی 24 ویں سالانہ تقاریب سے خطاب کررہے تھے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے کئی ممالک سے مریض علاج کیلئے حیدرآباد آتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک گرین فیلڈ قائم کیا جائے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ علاج کیلئے شہر آنے والے افراد کیلئے رہائش کی سہولت رہے۔ انہوں نے بتایا ''ہم بہت جلد تمام منصوبوں کا اعلان کریں گے۔ چیف منسٹر نے بتایا کہ بسوا تارکم کینسر ہاسپٹل کے انتظامیہ نے ان کی خدمات میں توسیع کیلئے زائد اراضی کی خواہش کی ہے۔ مجوزہ نگہداشت صحت سیاحتی مرکز میں بسوا تارکم ہاسپٹل کیلئے بھی اراضی کا الاٹمنٹ کیا جائے گا۔ پرزور الفاظ میں یہ کہتے ہوئے کہ ہرکسی کو کوئی بھی شعبہ میں سبقت کیلئے مسابقت کرنی چاہئے۔ رینوت ریڈی نے کہا ''چونکہ این چندرابابو نائیڈو نے آندھراپردیش کے چیف منسٹر کی حیثیت سے حلف لے لیا ہے۔ مجھے یہ موقع ملا ہے کہ میں فلاح وترقی میں ان کے ساتھ مسابقت کروں اور تلنگانہ کے فروغ کو یقینی بناؤں''۔

ترقی اور بہبود میں مجھے نائیڈو سے مقابلہ کا موقع دستیاب: رینوت ریڈی

حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) چیف منسٹر اے رینوت ریڈی نے کہا کہ این ٹی آر نے غریبوں کی خدمت کے مقصد سے بسوا تارکم انڈو امریکن کینسر ہاسپٹل اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا تھا اور آج یہ ہاسپٹل اپنے قیام کے 24 سال مکمل کرچکا ہے۔ انہوں نے کہا یہ دیکھ کر بہت خوشی ہورہی ہے کہ این ٹی آر کی سوچ پر قائم کیا گیا یہ اسپتال 24 برسوں سے کروڑوں لوگوں کی خدمت کرتا آرہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چندرابابو نائیڈو نے اسپتال کو مکمل کیا اور اسے غریبوں کو خدمات فراہم کرنے کے لیے این ٹی آر کی سوچ کو جاری رکھنے کی راہ ہموار کی۔ رینوت ریڈی نے کہا ہماری حکومت، ہسپتال کے ترقی کے حوالہ سے ہر قسم کے تعاون کے لیے تیار ہے۔ چیف منسٹر نے مزید کہا کہ مجھے ترقی اور بہبود میں چندرابابو نائیڈو کے ساتھ مقابلہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ میری شدید خواہش ہے کہ تلنگانہ کی دونوں ریاستوں کو ترقی اور بہبود کے معاملہ میں دنیا کے لیے مثال بنانا چاہیے۔ ہماری حکومت تلنگانہ میں ہیلت ٹورازم ہب قائم کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہے جہاں ہر قسم کی طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے ایک ہیلت ٹورازم ہب ہونا چاہئے۔ اور ہمارا یقین ہے کہ اس فہرست میں بسوا تارکم اسپتال کو یقینی طور پر جگہ ملے گی۔ چیف منسٹر نے کہا ہماری حکومت ایک ہزار ایکڑ میں ہیلت ٹورازم ہب قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ہیلت ہب ایسا ہوگا کہ دنیا کے کسی بھی ملک سے کوئی بھی حیدرآباد آنے کا تو ہم ہر طرح کی طبی خدمات فراہم کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ این ٹی آر نے سیاست اور فلاح وبہبود کی وراثت چھوڑی ہے۔ اور این ٹی آر کی تیسری نسل بھی اسے مزید آگے لے جانے کی خواہش رکھتی ہے۔ ہم این ٹی آر کے افراد خاندان کے ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔

آنا پاترو ڈوآندھرا پردیش قانون ساز اسمبلی کے 16 ویں اسپیکر متفقہ طور پر منتخب



حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) مگھودیشم کے نرنی پتم کے رکن اسمبلی آنا پاترو ڈوآندھرا پردیش قانون ساز اسمبلی کے 16 ویں اسپیکر متفقہ طور پر منتخب کئے گئے۔ پاترو ڈو کا انتخاب محض رسمی تھا کیونکہ کسی دوسرے رکن اسمبلی نے انہیں چیلنج کرنے کے لیے اسپیکر کے عہدہ کے لیے پرچہ نامزدگی داخل نہیں کی۔ جمعہ کو اسپیکر کے عہدہ کے لیے صرف تین نامزدگیاں موصول ہوئی تھیں، اور وہ تمام آنا پاترو ڈو کی جانب سے تھیں۔ اسمبلی کے سکریٹری جنرل بی پی جے راما چاریلو نے یہ بات بتائی۔ 16 ویں قانون ساز اسمبلی کے پہلے اجلاس کے دوسرے دن کا آغاز ہفتہ کی صبح 10.30 بجے ہوا۔ تین ایم ایل اے، جنہوں نے جمعہ کو اپنے عہدے کا حلف نہیں لیا، ہفتہ کو حلف لیا۔ اس طرح اس جنوبی ریاست کے تمام 175 ارکان اسمبلی کی حلف برداری مکمل ہوگئی۔ دریں اثناء وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے سربراہ وائی ایس جگن موہن ریڈی کے اسمبلی اجلاس میں شرکت کا امکان نہیں ہے کیونکہ وہ کڑپہ ضلع کا دورہ کرنے والے ہیں۔ اپوزیشن پارٹی کے ایک بیان کے مطابق سابق وزیراعلیٰ اگلے تین دن کڑپہ کے پلی ویندلا میں گزاریں گے۔

تلنگانہ کوئلہ کے بلاکس کا ہراج، تارک راما راو کی وزیراعلیٰ پر تنقید

حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) کوئلہ کی کانوں کے ہراج پر تلنگانہ حکومت کے موقف کے دفاع میں وزیراعلیٰ اے رینوت ریڈی کے بیان پر وائی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے عوام دونوں قومی پارٹیوں کانگریس اور بی جے پی کو سبق سکھائیں گے۔ انہوں نے نوٹیسٹ کرتے ہوئے کانگریس پارٹی پر سنگارینی کوئلہ کی کانوں کی نجی کاری کے لیے بی جے پی کے ساتھ تعاون کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ جب سے رینوت ریڈی نے وزیراعلیٰ کا عہدہ سنبھالا ہے تلنگانہ کا ہر شہری یہ دیکھ رہا ہے کہ کس طرح کانگریس اور بی جے پی تلنگانہ کے مفادات کو گروی رکھنے کے لیے ملی کر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس صدر اور اس وقت کے وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ اور بی آر ایس نے ہمیشہ تلنگانہ میں کوئلہ بلاکس کی فروخت کی مخالفت کی ہے۔ بی آر ایس حکومت میں سے کسی نے بھی کانگریس کی حکومت کے برعکس کسی ہراج میں حصہ نہیں لیا۔ یہ مرکزی بی جے پی حکومت تھی جس نے آخری دور میں یکطرفہ طور پر دو بلاکس کی نیلامی کی تھی۔

ہریش راؤ اپنا استعفیٰ تیار رکھیں: جیون ریڈی

حیدرآباد،22/جون (آئی این این) رکن کونسل ٹی جیون ریڈی نے بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ سے کہا کہ وہ اپنا استعفیٰ اپنے پاس رکھیں تاکہ اگر کانگریس حکومت نے 15 اگست تک فصلوں کے قرضے معاف کردیئے تو وہ سدی پیٹ کے رکن اسمبلی کے عہدے سے استعفیٰ دینے کے چیلنج پر عمل کریں۔ ہفتہ کو گاندھی بھون میں پریس کانفرنس میں جیون ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کابینہ نے پہلے ہی 15 اگست تک 2 لاکھ روپئے تک کے فصلی قرضوں کو معاف کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ ریاستی حکومت نے قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں کا نقصان کرنے والے کسانوں کو معاوضہ دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی مدد کے لیے 500 روپئے کا بونس دینے کے ساتھ ساتھ ایک منفرد فصل انشورنس اسکیم بھی شروع کی جارہی ہے۔ اس لیے چیلنج پر عمل کرنے کے لیے انہوں نے کہا کہ ہریش راؤ کو ایم ایل اے کا عہدہ چھوڑ دینا چاہیے۔ جیون ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس پارٹی تلنگانہ میں معدومیت کے دہانے پر ہے۔ بی آر ایس کے چار ممبران اسمبلی پہلے ہی کانگریس میں شامل ہو چکے ہیں، اور بہت سے لوگ پارٹیوں کو تبدیل کرنے کے لیے تیار ہیں۔ فصلوں کے قرض کی معافی سے متعلق کابینہ کے فیصلے پر چیف منسٹر اے رینوت ریڈی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ کانگریس پارٹی ہر مرنڈل میں تقاریب کا اہتمام کرے گی، اور حکومت کی جانب سے وعدہ کی تکمیل پر خوشی کا اظہار کیا جائے گا۔

ملازمتوں پر بھرتی کیلئے ہریش راؤ کا وزیراعلیٰ کو مکتوب

حیدرآباد 22 جون (این ایس ایس) بی آر ایس قائد و رکن اسمبلی سدی پیٹ ٹی ہریش راؤ نے آج کہا کہ کانگریس پارٹی پر بھروسہ کرکے اسے اقتدار میں لانے والے بے روزگار نوجوانوں کو نوکریوں کے لیے سڑک پر اترنے پر مجبور کردیا گیا انہوں نے چیف منسٹر رینوت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا ہے جس میں گروپس سروپس کے خواہشمندوں اور بے روزگاروں کے مطالبات تحریر کئے گئے۔ اپنے خط میں ہریش راؤ نے کہا کہ گروپ۔ 1، ڈی ایس سی اور دیگر ملازمتوں کے لیے بھرتی کا مکمل ملازمت کے مقابلوں کے لیے بہت مشکل ہوگیا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پر زور دیا کہ وہ گروپ۔ 1 کے عہدوں کے لیے امیدواروں کا انتخاب کریں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سے گروپ 2 اور گروپ 3 کی کل پوسٹوں کی تعداد بڑھانے کی بھی اپیل کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر دو لاکھ ملازمتوں کی نشاندہی کی جائے اور وعدے کے مطابق جاب کیلنڈر کا اعلان کیا جائے اور مزید کہا کہ بے روزگاری الاؤنس بھی فوری ادا کیا جائے۔

قرض کی ادائیگی کیلئے دباو، نوجوان کی خودکشی

حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) قرض کی رقم کی عدم ادائیگی پر فائنانس کمپنی کے ذمہ داروں کی ہراسانی پر ضلع نظام آباد میں ایک نوجوان نے خودکشی کرلی۔ یہ واقعہ ضلع کے انجانو گاوں میں پیش آیا۔ مہلوک کی شناخت وشمی کے طور پر کی گئی ہے جس نے بائیک خریدنے کیلئے فائنانس کمپنی سے قرض حاصل کیا تھا۔ جب وہ ماہانہ قسط ادا کرنے میں ناکام رہا تو فائنانس کمپنی کے ایگزیکٹوز نے اس پر دباؤ ڈالنا شروع کردیا۔ گذشتہ روز ایگزیکٹوز نے وشمی کے مکان پہنچ کر اسے دھمکی دی جس سے دلبرداشتہ ہوکر اس نے رات کو گاؤں کے مضافات میں ایک درخت سے پھانسی لے کر کر خودکشی کرلی۔

وائی ایس آر کانگریس کے دفتر کی زیرتعمیر عمارت منہدم کردی گئی

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) آندھرا پردیش کے تاڈیپلی میں واقع وائی ایس آر کانگریس پارٹی کا مرکزی دفتر کو ہفتہ کے روز منہدم کردیا گیا۔ انتظامیہ کی جانب سے بلڈوزر کے ذریعہ اس عمارت کو منہدم کیا گیا جس پر وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ جگن موہن ریڈی نے تخت نارائنی کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو کی تیلگو دیشم پارٹی (ٹی ڈی پی) بدلے کی سیاست کررہی ہے اور وائی ایس آر کی پی کا دفتر منہدم کیا جانا اسی کا نتیجہ ہے۔ دراصل اپوزیشن پارٹی وائی ایس آر کانگریس کا یہ دفتر زیرتعمیر تھا اور اس کے تعلق سے مقدمہ بھی چل رہا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جگن موہن ریڈی نے الزام عائد کیا کہ ہائی کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اس عمارت کی توڑ پھوڑ ہوئی ہے۔ انہوں نے ''ایکس'' پر ایک پوسٹ کی ہے کہ تاڈیپلی میں چندرابابو نائیڈو بدلے کی سیاست کررہے ہیں۔ سابق وزیراعلیٰ نے ٹی ڈی پی لیڈر کو ایک تاناشاہ قرار دیا اور کہا کہ تاناشاہی کی طرح ہی انہوں نے وائی ایس آر کی پی کے مرکزی دفتر کی مشینوں سے کھدائی کرکے بلڈوزر سے منہدم کروا دیا۔ جگن موہن ریڈی نے یہ بھی بتایا کہ دفتر تقریباً پورا تیار ہوچکا تھا لیکن آج صبح تقریباً 5.30 بجے اسے منہدم کرنے کی کارروائی شروع کردی گئی۔ سابق وزیراعلیٰ نے الزام عائد کیا کہ ٹی ڈی پی، بی جے پی اور جن سینا والی این ڈی اے حکومت کے تحت جنوبی ریاست میں قانون و انصاف پوری طرح سے غائب ہوگیا ہے۔

تاڈیپلی میں پارٹی کے دفتر کی انہدامی، سیاسی انتقام

دھمکیوں اور ہراسانیوں کی خلاف نہ جھکنے اور عوام کے ساتھ مل کر آواز اٹھانے جگن کا اعلان

حیدرآباد، 22/جون (آئی این این) وائی ایس آر کانگریس قائد وائی ایس جگن نے آندھرا پردیش کے چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو کے حالیہ سیاسی اقدامات بالخصوص تاڈی پلی میں تقریباً مکمل شدہ وائی ایس آر سی پی کے مرکزی دفتر کو منہدم کرنے پر سخت تنقید کی ہے۔ جگن نے بلڈوزر سے کئے گئے انہدام کو آمرانہ اور ہائی کورٹ کے احکامات کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔ جگن نے اس واقعہ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں امن وامان مکمل طور پر ختم ہوچکا ہے۔ انہوں نے چندرابابو پر الزام لگایا کہ وہ انتخابات سے متعلق تشدد کے بعد اگلے پانچ سالوں کے لیے ان کے دور حکومت کی نوعیت کے بارے میں پرتشدد پیغام بھیج رہے ہیں۔ جگن نے واضح کیا کہ وہ آر سی پی دھمکیوں اور ہراساں کرنے کی کارروائیوں کے سامنے نہیں جھکے گی۔ انہوں نے عوام کی جانب سے لڑنے کا عزم ظاہر کیا اور ملک بھر کے جمہوریت پسندوں پر زور دیا کہ وہ چندرابابو کے اقدامات کی مذمت کریں۔ ایک ٹویٹ میں جگن نے کہا کہ چندر بابو، جو انتخابات کے بعد ہونے والے پرتشدد واقعات اور اس انہدامی کاروائی کے ذریعہ غلط پیغام دیا ہے کہ ان پانچ سالوں میں حکومت کیسی ہونے والی ہے۔ ان دھمکیوں اور ہراساں کرنے کی کارروائیوں کے سامنے نہیں جھکیں گے، ہم عوام کے ساتھ مل کر چندرابابو کی غلط حرکتوں کی مذمت کریں گے۔

نوجوان کی موت کے چار سال بعد ملازمت کے امتحان میں شرکت کا کال لیٹر موصول

حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) ایک نوجوان کی موت کے چار سال بعد، ملازمت کے لئے ہونے والے امتحان میں شرکت کے لیے کال لیٹر موصول ہوا۔ یہ واقعہ تلنگانہ کے مچیریال ضلع کے منداری ناون میں پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق 2018 میں تمکل بجلی میں جونیئر لائن مین کی ملازمتوں کو پُر کرنے کے لیے تحریری امتحان منعقد کیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ بعض امیدوار نے فاضل ملازمتوں کو پُر کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے عدالت سے رجوع ہوئے جس پر میرٹ کے مطابق بھرتی کا عمل شروع کیا گیا۔ اس سلسلہ میں منداری کے جیون کمار کے نام کال لیٹر موصول ہوا جس میں کہا گیا کہ وہ اس مہینے کی 24 تاریخ کو بجلی کے محکمے پر چڑھنے کے ٹسٹ میں شرکت کرے۔ ارکان خاندان نے ڈاکٹر کو بتایا کہ جیون ریڈی کی چار سال پہلے ہی موت ہوچکی ہے۔ جیون نے 15 مارچ 2020 کو نوکری نہ ملنے پر پھانسی لے لی تھی۔

ڈبل بیڈروم مکانات فراہمی کا مطالبہ۔ خواتین کا احتجاج

حیدرآباد،22/جون (ایس این پی) ڈبل بیڈروم مکانات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے شہر حیدرآباد کے نواحی علاقہ میاں پور میں خواتین کی بڑی تعداد نے احتجاج کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت نے ان کو یہ مکانات دینے کی یقین دہانی کروائی تھی تاہم ہنوز ان کو مکانات نہیں ملے۔ میاں پور میں سروے نمبر 100 اور 101 میں سرکاری اراضی میں ڈبل بیڈروم مکانات فراہم کرنے ان احتجاجی خواتین نے مطالبہ کیا۔ ان خواتین نے اپنے مطالبہ کی حمایت میں نعرے بازی کی۔ اس احتجاج کی اطلاع پر پولیس وہاں پہنچی۔ پولیس کی موجودگی کے ساتھ موقع پر پہنچنے والے حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے عہدیداروں نے خواتین کو اس سلسلہ میں یقین دہانی کروائی جس کے بعد ان خواتین نے اپنا احتجاج ختم کردیا۔

تلنگانہ میں کسانوں کے 2 لاکھ روپئے تک کے زرعی قرض کی معافی

ملک کی دولت عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ ہونی چاہئے۔ راہول اور پرینکا گاندھی کا ردعمل

نئی دہلی، (ایجنسیز) تلنگانہ کی رینوت ریڈی حکومت نے کسانوں کے 2 لاکھ روپئے تک کے قرض معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کابینہ کے فیصلے کے بعد وزیراعلیٰ اے رینوت ریڈی نے خود اس کا اعلان کیا۔ تلنگانہ میں کسانوں کے قرض معافی پر کانگریس قائدین راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی واڈرا کا ردعمل بھی سامنے آیا ہے۔ انہوں نے تلنگانہ کے کسانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جو کہا وہ کر دکھایا، یہ ان کی نیت کے ساتھ ساتھ ان کی عادت بھی ہے۔ راہل گاندھی نے ہفتہ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ ''تلنگانہ کے کسان خاندانوں کو مبارکباد۔ کانگریس حکومت نے ''کسان نیائے'' کے عہد کو پورا کرنے کی طرف ایک تاریخی قدم اٹھایا ہے، جس سے آپ کے 2 لاکھ روپئے تک کے تمام قرض معاف ہو جائیں گے۔ اس سے 40 لاکھ سے زیادہ کسان خاندان قرض سے پاک ہوجائیں گے۔ میں نے جو کہا وہ کر کے دکھایا، یہ میری نیت بھی ہے اور عادت بھی۔ انہوں نے مزید لکھا کہ'' کانگریس حکومت کا مطلب اس بات کی ضمانت ہے کہ ریاستی خزانے کو کسانوں اور مزدوروں سمیت محروم سماج کو مضبوط بنانے پر خرچ کیا جائے گا، جس کی ایک مثال تلنگانہ حکومت کا یہ فیصلہ ہے۔ ہمارا وعدہ ہے کہ جہاں بھی کانگریس حکومت میں ہوگی، وہ ہندوستان کو پیسہ ''ہندوستانیوں'' پر خرچ کرے گی، ''سرمایہ داروں'' پر نہیں۔ دوبئی، کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے لکھا کہ'' تلنگانہ میں کانگریس پارٹی نے کسانوں کے قرض معاف کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس وعدے کو پورا کرتے ہوئے ہماری تلنگانہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ کسانوں کے قرض معاف کردیے جائیں گے۔ اس سے 40 لاکھ کسانوں کو راحت ملے گی جو قرض میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ کانگریس کا ماننا ہے کہ ملک کی تمام دولت ملک کے لوگوں کی ہے اور اسے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے ہی خرچ کیا جانا چاہیے۔ ہم نے راجستھان اور چھتیس گڑھ کے کسانوں کے قرض بھی معاف کردیے تھے۔ جب مرکز میں ہماری حکومت تھی، ملک بھر کے کسانوں کے 72000 کروڑ روپے کے قرض معاف کیے گئے تھے۔ کانگریس پارٹی کسانوں، مزدوروں، قبائلیوں، دلتوں، پسماندہ اور متوسط طبقے کی فلاح وبہبود کے لیے پابند عہد ہے۔

مرکزی وزیرکشن ریڈی کے مکان کے باہر احتجاج۔ طلبہ تنظیموں کے قائدین گرفتار

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) نیٹ کے مسئلہ پر حیدرآباد کے کاچی گوڑہ علاقہ میں مرکزی وزیرکشن ریڈی کی قیامگاہ کے باہر احتجاج کرنے والے طلبہ یونینوں کے لیڈروں اور کارکنوں کو پولیس نے حراست میں لے لیا۔ کشن ریڈی سے ملنے کی اجازت نہ ملنے کے بعد مظاہرین نے اپارٹمنٹ کامپلکس میں گھسنے کی کوشش کی جس پر پولیس طلباء یونینز کے لیڈروں اور کارکنوں کو گرفتار کرنے کے لیے حرکت میں آگئی۔ یہ احتجاج بفیشل ڈیمکریٹک ایجنسی (این یو اے) کے زیر اہتمام منعقدہ نیٹ امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف تھا۔ گرفتار طلبا کو ملکہ نگر پولیس اسٹیشن منتقل کردیا گیا۔ مظاہرین کا تعلق این ایس یو آئی، پی ڈی ایس یو، پی وائی ایس اور دیگر طلبہ تنظیموں سے تھا۔

قبائلی خاتون کے ساتھ غیر انسانی سلوک۔ 4 افراد گرفتار

حکومت، ہر طرح سے متاثرہ کا تعاون کرے گی۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ کا تیقن

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) ضلع ناگر کرنول میں گزشتہ ایک ہفتہ قبل پیش آئے قبائلی کی ایک 27 سالہ خاتون کو اذیت دینے کے الزام میں 4 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ زرعی کھیت میں کام کیلئے نہ آنے پر خاتون کو تار چرچ کیا گیا تھا۔ پولیس نے ہفتہ کے روز یہ بات کہی۔ 4 ملزمین نے خاتون پر حملہ کیا جن میں بہن اور بہنوئی شامل ہیں۔ یہ واقعہ، کولا پور منڈل کے موضع مولا چنتا لا پلی میں پیش آیا۔ مقامی افراد کی جانب سے الرٹ کرنے کے بعد پولیس نے اس قبائلی خاتون کو چہارشنبہ کے روز بچالیا۔ خاتون، کامانچل میں علاج جاری ہے۔ اپنی شکایت میں خاتون نے بتایا کہ زرعی اراضی جو ایک ملزم کی ملکیت ہے، پرکام نہ کرنے پر مجھے اٹھیوں سے مارا گیا اور ایذا دی گئی۔ پولیس آفیسر نے بتایا کہ متاثرہ کا اپنی بہن سے خاندانی مسائل پر تنازعہ چل رہا ہے۔ ملزمین نے مبینہ طور پر خاتون کے آنکھوں اور جسم پر مرچ پاؤڈر ڈالا تھا اور اس قبائلی خاتون کے اعضاء مخصوصہ اور رانوں پر چرکے دیئے گئے۔ چار ملزمین کو جمعہ کے روز گرفتار کرلیا گیا اور انہیں عدالتی تحویل میں دے دیا گیا۔ شکایت کی بنیاد پر جنسی حملہ، اقدام قتل، ایس سی، ایس ٹی انسداد تشدد ایکٹ کے دفعات کے تحت کیس درج کیا گیا۔ ریاستی وزیر آبکاری جوپلی کرشنا راؤ نے ہاسپٹل میں خاتون کی عیادت کی اور کہا کہ ملزمین کو بخشا نہیں جائے گا۔ انہوں نے متاثرہ خاتون کو 2 لاکھ روپے مالی امداد دی، خاتون کے پچی کی تعلیمی خرچ حکومت کی طرف سے برداشت کرنے کا اعلان کیا۔

رشوت ستانی الزامات، اے سی بی ٹیم کو دیکھ کر سب انسپکٹر فرار



حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) ایک سب انسپکٹر پولیس، جسے رشوت ستانی کے الزامات کا سامنا تھا، اینٹی کرپشن بیورو کے عہدیداروں کو دیکھ کر فرار ہوگیا۔ یہ عہدیدار تلنگانہ کے ضلع جگتیال کے رائکل منڈل ہیڈکوارٹر میں اے پکڑنے کے لیے پولیس اسٹیشن میں انتظار کررہے تھے۔ اے سی بی ذرائع نے بتایا کہ سب انسپکٹر، راجے اور ریت کے ٹرانسپورٹرس نے بغیر کسی رکاوٹ کے ریت کی منتقلی کے لیے اتفاق کیا تھا۔ بدلے میں، ریت کے تاجروں نے ایک درمیانی شخص کے ذریعہ اسے 25,000 روپے رشوت دینے کا وعدہ کیا تاہم ریت کے تاجروں نے اے سی بی حکام سے بھی رابطہ کیا، جنہوں نے سب انسپکٹر کو رنگے ہاتھوں پکڑنے کا منصوبہ بنایا۔ منصوبے کے ایک حصہ کے طور پر سب انسپکٹر سے رقم لینے کے لیے جمعہ کو رات 11 بجے کے بعد پولیس اسٹیشن آنے کی خواہش کی گئی۔ موقع پر پہنچنے پر انسپکٹر نے ہم اسے بی نیم کو پولیس اسٹیشن میں دیکھ لیا اور فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ درمیانی شخص جو رقم حوالے کرنے کے لیے موقع پر پہنچ گیا تھا کو حراست میں لے لیا گیا جبکہ فرار ہونے والے پولیس عہدیدار کو پکڑنے کی کوششیں جاری ہیں۔

بجلی کا جھٹکا لگنے سے بزرگ جوڑے کی موت

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) ضلع کھمم کے نومان بازار میں بجلی کا جھٹکا لگنے سے ایک بزرگ جوڑے کی موت ہوگئی۔ بیوی کو بچانے آنے والا شوہر کپڑے سوکھنے والی تاروں میں بجلی رو ہونے سے موقع پر ہی ہلاک ہوگیا۔ انجنیو اور اس کی بیوی نرسماں نومان بازار میں اپنے سب سے چھوٹے بیٹے کے گھر میں رہتے ہیں۔ نرسماں ہاتھ رومالی اور لوہے کی سلاخ سے تولیہ بنانے کی کوشش کی تو اسے بجلی کا جھٹکا لگا۔ جب اس نے چیخ ماری تو گھر میں موجود اس کا شوہر انجنیو آیا اور بچانے کی کوشش کی۔ اسے بجلی کا جھٹکا بھی لگا اور دونوں کی موت ہوگئی۔

زندگی میں بہتر تبدیلی پر روڈی شیٹ بند کردی جائیگی: ڈی سی پی



حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) ساؤتھ ویسٹ اڈیشنل ڈپٹی کمشنر پولیس نے روڈی شیٹرس کے ساتھ کونسلنگ کی۔ تفصیلات کے بموجب اڈیشنل ڈپٹی کمشنر پولیس اشفاق صدیقی نے روڈی شیٹرس کو طلب کیا اور کہا کہ اگر روڈی شیٹرس میں اپنی زندگی میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو پولیس ان کی مدد کرے۔ انھوں نے کہا کہ سٹی کمشنر پولیس اے سرینواس ریڈی نے روڈی شیٹرس کی مدد کرنے کی ہدایت دی اور اگر دوسرے طریقے سے چلانا ہے تو وہ کونسلنگ الگ ہوگی۔ حبیب نگر پولیس اسٹیشن کے روڈی شیٹرس میں قیصر، بنجگی یوسف اور دیگر روڈی شیٹرس کو طلب کیا گیا تھا۔ اس موقع پر روڈی شیٹرس کی بیویوں کو بھی طلب کیا گیا اور بیویوں کے سامنے ان کے شوہروں کی روڈی شیٹ کے بارے میں بتایا گیا اور سدھر جانے کے لیے کہا گیا۔ اڈیشنل ڈپٹی کمشنر پولیس اشفاق صدیقی نے مزید کہا کہ روڈی شیٹر کا چال چلن ٹھیک رہے گا تو ان کی روڈی شیٹ بھی بند کردی جائے گی۔

آصف نگر میں قتل کی واردات

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) آصف نگر میں ہفتہ کی صبح ایک زیرتعمیر عمارت میں ایک شخص کے قتل کی واردات پیش آئی۔ مقتول کی ہنوز شناخت نہیں ہوپائی ہے۔ یہ شخص مبھدی پٹنم روڈ سے زیرتعمیر عمارت میں پہنچا۔ دو افراد جو اس زیرتعمیر مکان میں سو رہے تھے نے اس کو چور سمجھا اور اس پر لاٹھیوں سے حملہ کردیا جس کے نتیجہ میں یہ شخص ہلاک ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی آصف نگر پولیس وہاں پہنچی اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے عثمانیہ اسپتال منتقل کردیا۔

آوقات نماز

فجر	ابتداء	04:33
	انتہاء	05:37
ظہر	ابتداء	12:28
	انتہاء	04:47
عصر	ابتداء	04:55
	انتہاء	06:51
مغرب	ابتداء	06:59
	انتہاء	08:07
عشاء	ابتداء	08:15
	انتہاء	04:11

به یک نظر

25/جون کو یوم سیاہ منانے

تلنگانہ بی جے پی کا اعلان

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) تلنگانہ بی جے پی نے اعلان کیا ہے کہ 25 جون یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، کیونکہ اس دن 1975ء کو اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی نے ایمرجنسی کا اعلان کیا تھا۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری پریمندر ریڈی نے کہا کہ تمام اضلاع میں پارٹی کیڈر مظاہرہ کرے گا اور ان افراد کو تنبیہات پیش کی جائے گی جو جیل گئے تھے۔

اے پی کی وزیرسوپتا نے

بی سی ہاسٹل کا اچانک معائنہ کیا

حیدرآباد، 22/جون (ایس این پی) آندھرا پردیش کی وزیر پاچیہ جات سوپتا وجئے واڑہ میں بی سی ویلفیئر بوائز ہاسٹل کا اچانک معائنہ کیا۔ انہوں نے طلباء کے ساتھ کھانا کھایا۔ اور ان سے ہاسٹل میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے ساتھ ساتھ انفرا اسٹرکچر کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہاسٹل کے گردونواح، کھانے کے کمرے اور کچن کا معائنہ کیا۔ انہوں نے طلباء کو فراہم کیے جانے والے کھانے کے ناقص معیار پر وارڈن پر برہمی کا اظہار کیا۔

چوروں کو پکڑنے فائرنگ!

حیدرآباد 22 جون (ایس این پی) حیدرآباد میں کل رات پولیس کی جانب سے چوروں کو پکڑنے کے لیے ہوائی فائرنگ کی اطلاعات ملی ہیں۔ فوری طور پر ملی اطلاعات کے مطابق کل رات سکندرآباد کے چلکل گوڑہ عل